سوال

(102) کتاب العقائد

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا اللہ تعالیٰ کو خدا کا نام لے کر یاد کر سکتے ہیں؟

1۔ کیا ہم خدا کی قسم کھا سکتے ہیں۔ 2۔ کیا خدا کی قسم اٹھانے سے پوری نہ ہو تو کفارہ دینا ہوگا؟

3۔ کیا اللہ کا معنی خدا کیا جا سکتا ہے؟ 4۔ اللہ اور خدا میں فرق واضح کر دیں، دلائل سے واضح کریں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

خدا فارسی زبان کا لفظ ہے۔ اللہ کا ترجمہ ہے، جیسے رحیم کا ترجمہ مہربان ہے، اسماء حسنیٰ میں شامل نہیں۔ لفظی احکام میں خدا نہیں۔ اللہ ہی استعمال کریں گے۔

1۔ قسم میں مقصود معنی ہوتا ہے، اس لیے قسم میں لفظ خدا استعمال ہو سکتا ہے۔

2۔ ہاں! کفارہ ادا کرنا ہوگا۔ 3۔ نمبر: (۱) میں گزر چکا ہے۔ 4۔ نمبر: (۱) میں فرق واضح کیا جا چکا ہے۔

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 09 ص